# (۳)

نام کتاب : لتاں جی

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت:132 صفحات ۔ قیمت :درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی‘ جامعہ ابوہریرہ‘ برانچ پوسٹ آفس‘ خالق آباد‘ نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی معروف عالم دین‘ کئی کتابوں کے مصنف اور صاحب طرز ادیب ہیں۔ ابتدائی زندگی عسرت اور ناداری میں گزری‘ والد صاحب کا سایہ تو کم سنی ہی میں سر سے اٹھ گیا تھا‘ ان کے بعد نہایت ہی نامساعد حالات میں اُن کی والدہ عزم و استقلال کا پہاڑ بنی رہیں۔ عبدالقیوم حقانی جو اپنوں کی سردمہری بلکہ عداوت کا نشانہ تھا‘ اسے عظیم ماں میسر آئی جس نے قدم قدم پر اپنے بیٹے کی راہنمائی کی۔ نہ تو خود صبر کا دامن ہاتھ سے چھوڑا اور نہ بیٹے کو دل برداشتہ ہونے دیا۔ قدرت نے یاوری کی۔ یہ یتیم بچہ ماں کی شفقت کے سہارے علم دین کی تحصیل میں لگ گیا اور آج اس کا شمار ممتاز علماء میں ہوتا ہے۔ مولانا کو اپنی عظیم ماں کے احسانات یاد آئے تو انہوں نے قلم تھاما اور اپنی والدہ کے حوالے سے اپنی روداد حیات رقم کر دی جس نے ''لتاں جی'' کے عنوان سے کتاب کی شکل اختیار کر لی۔

کتاب ایک پُرخلوص اور باہمت خاتون کی سبق آموز داستان حیات ہے جس نے بے سروسامانی‘ عسرت اور ناداری کے باوجود اپنے چھوٹے چھوٹے یتیم بچوں کی پرورش انتہائی حکیمانہ انداز میں کی اور باقیاتِ صالحات کا عظیم خزانہ چھوڑ کر راہئ ملک عدم ہوئی۔ یہ کتاب کمزور اور بے سہارا لوگوں کے لئے مشعل راہ کا کام دے گی‘ کیونکہ اس میں یہ حقیقت کھل کر سامنے آ رہی ہے کہ انسان عزم و ہمت اور صبر سے کام لے کر ہر مشکل میں پورے خلوص کے ساتھ اپنے خالق و مالک کو پکارے تو اُس کو کبھی مایوسی نہیں ہوتی۔

کتاب کی کمپوزنگ معیاری‘ ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔

© rasailojaraid.co